(نقل ٹائٹل پیج بار اول)
الیس اللہ بکاف عبدہ
نجم الہدیٰ
در مطبع ضیاء الاسلام قادیان باہتمام حکیم فضل الدین صاحب طبع شد
تعداد ۱۴۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجم الہدیٰ

الحمد للہ الذی خلق الاشیاء
کلہا فاودع من جمال خلقہا۔ و
برء نفوس الناس لنفسہ فسوّاہا
و عالج بوجہہ قلقہا۔ واتقن کل
ما صنع وحسّن وابدع واحکم
واضاء الشمس وانار القمر وانعم
علی الانسان واعزّہ واکرم۔ و
الصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبیّ
الامیّ محمد احمد الذی کان اسماہ
ھٰذان اوّل اسماء عرضت علیٰ اٰدم
بما کانا علۃ غائیۃ للنشأۃ

نجم الہدیٰ (اردو)

اُس خدا کے لئے تمام تعریفیں ہیں جس نے تمام
چیزوں کو پیدا کیا۔ اور ہر ایک چیز میں ایک قسم کی خوبصورتی
رکھی۔ اُس نے انسانوں کے نفسوں کو اپنے لئے بنایا۔ اور
اپنی ذات کے ساتھ اُنکی بےآرامی کو دُور کیا۔ اور جو کچھ
بنایا نہایت استوار اور خوب اور نئی طرز کا اور محکم بنایا
اور سورج کو روشن کیا اور چاند کو چمکایا۔ اور
انسان کو عزت اور شرف اور مرتبہ بخشا۔ اور
اُس کے رسول اُمّی پر درود اور سلام ہو جس کا
نام محمد اور احمد ہے۔ یہ دونوں نام اُس کے وہ ہیں کہ جب
حضرت آدم کے سامنے تمام چیزوں کے نام پیش کئے گئے تھے تو
سب سے اوّل یہی دو نام پیش ہوئے تھے کیونکہ اِس دُنیا کی پیدائش

نجم الہدیٰ فارسی ۔ جملہ ستائشہا مر خدا راست کہ ہمہ چیزہا را بیافرید۔ و دراں گونہ خوبی و آرائش سپرد۔
و دراں آدمیان را محض خاطر خود از نیستی بہ ہستی کشید۔ و رنج و آزار آنہا را باذات خویش از ہم
بپاشید۔ و ہر چہ را ساخت چنانچہ شاید خوب و استوارش بپرداخت نیر گیتی افروز را چہرہ بحال
پالود۔ و ماہ را بزم آرائے شب بہاں نمود۔ و انسان را بزرگی و عزیت کرامت فرمود۔ و
درود بر نبیٔ اُمّی وے کہ نام گرامی اش محمد و احمد۔ و ایں دو نام اول نامہائے است کہ بر آدم
عرض شد۔ زیرا کہ علّت غائی آفرینش ہمیں دو نام وو در نزد خدا بیشی و بیشی ہمیں دو نام را۔ست

الاولیٰ وکانا فی علم اللّٰہ اشرف و
اقدم۔ فھو اوّل النبیّین درجۃ
لھذین الاسمین و آخرھم بما
ختم اللّٰہ علیہ کل ما علم النبیّین
دفھّم واکمل علی ما اوحی الیہ
والھم۔ وبما اعطاہ اللّٰہ آخر
المعارف وجمع فیہ ما اخر
وقدم۔ وارسلہ الی کل اسود
وابیض واختارہ لاصلاح کل
اعمٰی واصمّ وابکم۔ و
ضمخہ بعطر نعمہ ازید
مما ضمخ احدا من الانبیاء
و علمہ من لدنہ وفھّمہ
من لدنہ وعرّفہ من لدنہ

پس وہی دو نام علّت غائی ہیں۔ اور خدا تعالیٰ کے
علم میں وہی اشرف اور اقدم ہیں۔ پس آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم بوجہ ان دونوں ناموں کے تمام انبیاء
علیہم السلام سے اوّل درجہ پر ہیں اور باعث اسی کے جو
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام نبوت کے علم ختم ہو گئے اور
آپ پر کامل اور جامع طور وحی نازل کی گئی۔ اور آخری معارف
اور وہ سب کچھ جو پہلوں اور پچھلوں کو دیا گیا تھا آپکو
عطا ہوا۔ ان تمام وجوہ سے آپ خاتم الانبیاء ٹھیرے اور
ہر ایک سفید اور سیاہ کی طرف آپ کو بھیجا۔ اور ہر ایک
اندھے اور بہرے اور گونگے کی اصلاح کیلئے آپ کو پسند فرمایا
اور خدا تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کے عطر سے اسقدر آنجناب کو
معطر کیا کہ اس سے پہلے کوئی نبی اور رسول نہیں کیا گیا۔
خدا نے اپنے پاس سے آپ کو علم دیا اور اپنے پاس سے فہم
عطا کیا۔ اور اپنے پاس سے معرفت بخشی۔

پس او از جہت ایں دو نام بر جمیع انبیاء درجۂ اولیٰ دارد۔ وحیٔ کامل وجامع براو نازل شد
و دانشہائے پسین و ہمۂ آنچہ بہ پیشینیاں و پسینیاں دادہ شد وبوئے ارزانی داشتند۔
وخدا اورا بہ ہمہ سپید و سیاہ فرستاد۔ و برائے راہنمائی ہر نابینا و کر و گنگ برگزید و
اورا بہ عطر نعمتہائے خود آنچناں خوشبو گردانید کہ پیش از وے کسے از انبیاء و
بایں شتابت نرسید۔ از قبل خودش آموخت و از خودش بفہمانید۔ و از
خودش معرفت بخشید۔ او از خودش پاک ساخت۔ و از خودش آداب

وطهره من لدنه وادبه من لدنه وغسله من لدنه بماء الاصطفاء - فوجب عليه حمد هذا الرب الذى كفل كل امره بالاستيفاء - ادخله تحت رداء الايواء - واصلح كل شانه بنفسه من غير منة الاساتذ والأباء والامراء - واتم عليه من لدنه جميع انواع الألاء والنعماء - فحمده روح النبى بحمد لا يبلغ فكر الى اسراره - ولا تدرك ناظرة حدود انواره - وبالغ فى الحمد حتى غاب وفنا فى اذكاره - واما سبب هذا الحمد الكثير و

اور اپنے پاس سے پاک کیا - اور اپنے پاس سے ادب سکھلایا اور برگزیدگی کے پانی سے اپنے پاس سے نہلایا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اس خدا کی تعریف کرنا واجب ہو گیا جو اس کے ہر ایک کام کا آپ متکفل ہوا - اور اپنی پناہ کی چادر کے نیچے جگہ دی - اور ہر ایک کام آنحضرتؐ کا اپنی توجہ خاص سے بغیر توسط استادوں اور باپوں اور امیروں کے بنایا - اور اپنے پاس سے اس پر ہر ایک قسم کی نعمت پوری کی پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح نے خدا تعالے کی وہ تعریف کی جو کوئی فکر اس کے بھیدوں تک نہیں پہنچ سکتا اور کوئی آنکھ اس کے نوروں کی حدود کو پا نہیں سکتی - اور اس نے خدا کی تعریف کو کمال تک پہنچایا یہاں تک کہ اس کے ذکروں میں گم اور فنا ہو گیا اور اس کے اس قدر تعریف کرنے اور خدا تعالیٰ کو

تعلیم داد - و خودش از آب برگزیدگی و برچیدگی شست و شو فرمود - لہذا واجب آمد بر آنجناب ستائش پروردگاریکہ ساز گار و کفیل کل امر ارشد بود در زیر چادر پناہ خودش جائے بداد - و جملۂ کار ویرا بذات خویش بے میانجی گری استادان و پدران و توانگران درست کرد - و تمام نعمتہا را بروی از قبل خود اتمام فرمود - لہذا روح نبی صلعم آں حمد خداوندی را بجا آورد کہ ہیچ فکر و اندیشہ بداماں کنہ وے نیارد برسد - و ہیچ دیدہ نتواند حدود نورش را دریابد - و آنجناب ستائش خداوندی را بجائے رسانید کہ در یادش از خود برمید و سر بہ صحرائے گم گشتگی و فنا کشید و سبب

سر احماده - فهو بحار فضل الله
و موالات امداده - وعناية الله
التي ما وكلته طرفة عين الى
سعيه و اجتهاده - حتى شغفه
وجه الله حبا واوجده في
وداده - ففار قلبه لتحميد
هذا المحسن حتى صار الحمد عين
مراده - وهذه مرتبة ما اعطاها
الله لغيره من الرسل والانبياء و
الابدال والاولياء - فانهم وجدوا
بعض معارفهم وعلومهم ونعمهم
بوساطة العلماء والأباء والمحسنين
و ذوى الآلاء - واما نبينا صلى الله عليه
وسلم فوجد كل ما وجد من حضرة الكبرياء -

صاحب تعریف ٹھیرانے کا سر یہ تھا کہ خدا تعالیٰ نے متواتر
اور پیاپے اُس پر اپنے فضل نازل کئے اور وہ عنایت
اُس کے شامل حال کی جس نے ایک طرفۃ العین بھی اُسکو
اپنی کوشش اور سعی کا محتاج نہ کیا۔ یہاں تک کہ وجہ اللہ
نے اُسکے دل کو چیر کر اپنا دخل اُس میں کیا۔ اور اپنی محبت
میں اُس کو یگانہ بنایا۔ پس اُس محسن کی تعریف کے
لئے اُس کے دل نے جوش مارا اور خدا تعالیٰ کی تعریف
اُس کی دلی مراد ہوگئی۔ اور یہ وہ مرتبہ ہے کہ بجز اُس کے
کسی کو رسولوں اور نبیوں اور ابدالوں اور ولیوں
میں سے عطا نہیں ہوا۔ کیونکہ ان لوگوں نے اپنے بعض
معارف اور علوم اور نعمتیں بتوسط عالموں اور
باپوں اور احسان کرنے والوں کے پائی تھیں۔ مگر
ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ پایا
جناب الٰہی سے پایا۔ اور جو کچھ اُن کو ملا

آنکہ ستائش خداوندی را بدیں غایت او ساخت آں کہ خداوند تعالیٰ شانہ پیاپے بہا نعمائے خود را بروی فرود آورد
وعنایتے وکرمے در کار وی کرد کہ برائے چشم زدن ہم دیر نشد نیاز و احتیاج بکوشش و محنت خود بیارد تا آنکہ
وجہ اللہ اندرونش را بشگافت و خودش در درون در شد او را در مہر و حب خود یگانہ گردانید۔ لہذا
دل آنجناب در نیایش و ستایش ہمچو کارساز نیکی کن بجوش آمد۔ و ستایش خداوندی کام جان وے گردید۔
وایں مرتبہ ایست کہ غیر آنجناب را از انبیاء و اولیاء و ابدال و رسل دست بہم نداد زیرا کہ اوشاں بعضی
علوم و معارف را از واسطۂ آموزگاران و پدران و تربیت کنندگان بدست آوردند۔ ولی نبی ما (صلی اللہ علیہ وسلم)

و نال ما نال من منبع الفضل
والاعطاء - فما فارت قلوب
الآخرين للحمد كما فار قلب
نبينا لحمد منعم تولى امره
وحده من جميع الانحاء - فلاجل
ذٰلك ما سمي احد منهم باسم
احمد - فانه ما اثنى على الله
احد منهم كمحمّد و ما وحّد.
وكان في نعمهم مزج ايدي
الانسان وما علمهم الله كعلمه
وما تولى كل امورهم وما ايد.
فلا مهدي الا محمّد
ولا احمد الا محمّد
على وجه الكمال - وهذا

اُسی چشمۂ فضل اور عطاء سے ملا۔ پس دوسروں
کے دل حمدِ الٰہی کے لئے ایسے جوش میں نہ آسکے
جیسا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دل جوش
میں آیا۔ کیونکہ اُن کے ہر ایک کام کا خدا ہی متولی
تھا۔ پس اِسی وجہ سے کوئی نبی یا رسول پہلے
نبیوں اور رسولوں میں سے احمد کے نام سے موسوم
نہیں ہوا۔ کیونکہ اُن میں سے کسی نے خدا کی توحید
اور ثنا ایسی نہیں کی جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اور اُن کی نعمتوں میں انسان کے ہاتھ کی ملونی تھی
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح اُن کو تمام
علوم بے واسطہ نہیں دیئے گئے اور انکے تمام امور کا
بلا واسطہ خدا متولی نہیں ہوا اور نہ تمام امور میں بے واسطہ
اُن کی تائید کی گئی۔ پس کامل طور پر بجز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کے کوئی مہدی نہیں اور نہ کامل طور پر بجز آنجناب کے کوئی

آنچه را یافت از خدا یافت و آنچه را در دامان وے ریختند از همان چشمۂ جود و عطا بریختند۔ لہٰذا نشد دلہائے دیگراں
از بہر ستائش الٰہی آں گرمی و جوش بہم رساند که نبیٔ ما را در تحمید الٰہی میسر آمد۔ زیرا که کارساز ہر کار او خود
خداوند بزرگ بود۔ و ازینجا است که غیر او از انبیاء و رسل بنام احمد نامزد نشد چه نعمتہائے که او شاں یافتند
آمیزش دست انسانی داشت و چوں نبیٔ ما او شاں جملۂ علوم بے واسطہ ادراک نه کردند و تمام کارہائے او شاں را
خدا بے واسطہ متولی نشده در ہمۂ آنچه باو شاں پیش آمد بے توسطے تائید شاں نکرد۔ لہٰذا از جہت کمال غیر
آنجناب نبوت انتساب مہدی و احمد نبوده۔ و ایں سرّے است که ابدالی بکنہ آں توانند پی برند۔

سرّ لا یفہمہ الّا قلوب الابدال

ثمّ اذا کان حمدہ بایثار وجہ اللہ والاقبال علیہ بنفی اھواء النفس والحفد الیہ باخلاص و صدق و توحید - فرجع اللہ الیہ صلۃ منہ ما ارسل الی ربّہ من تحمید - وکذالک جرت سنتہ بکل صدیق وحید - فحمّد محمدنا فی الارض والسماء بامر ربّ مجید - و فی ھٰذا تذکرۃ للعابدین - و بشریٰ لقوم حامدین - فان اللہ یردّ الحمد الی الحامد ویجعلہ من المحمودین - فیُحمد فی العالمین - ویوضع

احمد ہے - اور یہ وہ بھید ہے جس کو محض ابدال کے دل سمجھتے ہیں اور کوئی دوسرا سمجھ نہیں سکتا - اور پھر چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریفیں اس وجہ سے تھیں کہ انہوں نے خدا تعالیٰ کو اختیار کر لیا تھا اور ہوا و نفس سے الگ ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہو گئے تھے اور اخلاص اور صدق اور توحید سے اُسکی طرف دوڑے تھے سو خدا نے وہ تعریفیں بطور انعام اُنکی طرف واپس کر دیں - اور تمام یگانہ صدیقوں سے اُس کی یہی عادت ہے کہ وہ حامد کو محمود بنا دیتا ہے - پس ہمارا نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم زمین و آسمان میں تعریف کیا گیا اور اس قصے میں پرستاروں کے لئے یاد رکھنے کی بات ہے - اور خدا کے ثنا خوانوں کو اس میں بشارت ہے - کیونکہ خدا تعریف کرنے والے کی تعریف کو اُسی کی طرف ردّ کر دیتا ہے - اور اُسکو قابل تعریف ٹھیرا دیتا ہے - پس وہ دنیا میں تعریف کیا جاتا ہے اور اُسکی

و دیگرے را نرسد درگرد ایں کوئے بگردد - و چوں ستایش آنجناب ازیں جہت بود کہ خدا را برگزیدہ و از آز و ہوائے خود یکلی دامن کشیدہ - و ہمہ تن محضًا رو بخدا گردیدہ - و از اخلاص و توحید و صدق بسوئے او دویدہ بود لہٰذا خدا تشکرًا و انعامًا آں ہمہ ستایش ہارا بوے باز گردانید و عادۂ خدا با کل صدیقان یگانہ ہمیں نہج جاری بودہ است کہ حامد را محمود سازد - پس نبیٔ ما محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) در زمین و زمان ستودہ شد - ایں قصہ نمونہ و تذکرہ ایست ازبرائے پرستاران خدا و مژدہ ایست از پئے ستایش کنندگان وے چہ خدا را عادۃ است کہ ستایش ستایش کنندگان را بدیشاں باز میگرداند و اوشاں را سزاوار ستایش خلق میسازد

له القبولية فى الارض نيثني عليه كل من كان من الصالحين. وهٰذا هو كمال حقيقة العبوديّة ومآل امر النفوس المطهرة - و لا يعرفها الّا الذى اُعطى حظاً من المعرفة - وهٰذا هو غاية نوع الانسان. وكماله المطلوب فى تعبد الرحمٰن - وهٰذا هو الذى تنتهى اليه اٰمال الاولياء - ويختتم عليه سلوك الطلباء - وتستكمل بها العناية نفوس الاصفياء - وهٰذا هو لب اعباء الشريعة ونتيجة المجاهدات فى الملّة - وسرّ ما نزل به الناموس من الحضرة على قلب خير البريّة - عليه انواع السلام والصلوٰة

قبولیت زمین پر پھیلائی جاتی ہے - پس ہر ایک جو نیک طینت ہے اُس کی تعریف کرتا ہے - اور یہی عبودیت کی حقیقت کا کمال اور پاک نفسوں کا انجام کار ہے - اور اس مقام کو کوئی شخص بجز صاحب معرفت کے نہیں پہچانتا - اور یہی نوعِ انسان کی غایت اور عبادتوں کا کمال مطلوب ہے - یہی وہ امر ہے جو اولیاء کی اُمیدوں کا منتہٰی اور طالبوں کے سلوک کے ختم ہونے کی جگہ ہے - اور اسی کے ساتھ عنایتِ الٰہی برگزیدوں کے نفوس کو کمل کرتی ہے - اور یہی شریعت کے بوجھوں کا مغز اور مجاہداتِ دینی کا نتیجہ ہے - اور یہ اُن امور کا بھید ہے جو حضرت جبرائیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لائے - پس اُس نبی پر سلام

مثل این کس درگیتی ستودہ و قبولی برائے او در دلہا ریختہ شود - پس ہر نیک نہاد اورا مے ستاید - کمال حقیقۂ بندگی و سرانجام کار پاک نفساں ہمیں است - و غیر اہل معرفت این مقام را نمی شناسد - و ہمیں غایت نوع انسان و کمال مطلوب عبادات ہمیں است - و انجام امید ہائے اولیاء ہمیں و آخرین مقامے است کہ سلوک جویندگان حق بدانجا منتہی بشود - و ہمیں عنایت الٰہی تکمیل نفوس برگزیدہ ہا را نماید - و مغز و راز تکلیفاتِ شرعیہ ہمیں و نتیجۂ مجاہداتِ دینیہ ہمیں است و ہمیں سرّ آں ہمہ امور است کہ حضرتِ ناموسِ اکبر از حضرتِ الوہیّت در پیش برگزیدۂ آفرینش (صلی اللہ علیہ وسلم) آورد

و البرکات و التحیۃ - یرغب فیہ المجاھدون - و الی اللہ متبتلون - الذین فی خیام حبّہ یسکنون - و بہ یحیون ولہ یموتون وعلیہ یتوکلون - ولحکمہ بصدق القلب یطیعون - ولامرہ بھمل العین یتبعون - و فی مرضاتہ یفنون - و فی احزانہ یذوبون - وبانسہ یبقون - و لہ تتجافی جنوبھم من المضاجع ویتحنثون - ویبیتون سجدا و قیاما ولا یغفلون - و یاخذھم القلق فیذکرون حبّھم ویبکون - وتفیض اعینھم من الدمع و فی

اور برکتیں اور درود اور تحیت ہوں - اسی امر مذکور کیلئے مجاہدہ کرنے والے کوشش کرتے ہیں - اور نیز وہ جو خدا کی طرف منقطع ہوتے اور اس کی محبت کے خیموں میں رہتے ہیں اور اسی کے ساتھ زندہ اور اسی کے لئے مرتے ہیں اور اس پر توکل کرتے ہیں - اور دل کی سچائی سے اس کی اطاعت اختیار کرتے ہیں - اور رواں آنسو کے ساتھ اس کے حکم کی پیروی کرتے ہیں اور اسکی رضامندی کی راہوں میں فنا ہوتے ہیں - اور اس کے غموں میں گداز ہوتے اور اس کے اُنس کے ساتھ بقا پاتے ہیں - اور اس کے لئے رات کو خوابگاہوں سے علیحدہ ہوتے اور اسکی بندگی کرتے ہیں - اور قیام اور سجود میں رات کاٹتے ہیں اور غفلت نہیں کرتے - اور بے آرامی انکو پکڑتی ہے پس اپنے دوست کو یاد کر کے روتے ہیں اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوتے ہیں اور رات کے

کوشندگان جہت آں می کوشند و ہم آنہائیکہ از ہمہ بسوئے او بپروازند - و در خیمہ ہائے محبت وے قرار گیرند و با او بزیند و برائے او بمیرند - و بر او توکل بکنند - و از صدق دل پیروئ فرمودۂ وے بنمایند - و با دیدۂ گریان غاشیۂ اطاعت وے بر دوش جان بردارند - و خود را در راہِ رضائے او گم بکنند - و چوں موم در کورۂ غم وے بگدازند - و بقائے خود در اُنس وے ببینند - و شب ہا را برائے او از خوابگاہ برکنار بشوند - و در سجود و قیام شب را بروز آرند - از غفلت دُور باشند - تلق و کرب بر اوشاں وارد آید

أنَاءَ الليل يصرخون ديتأوهون-ولا يعلم احد الیٰ ايّ جهة يجذبون ويقلّبون -يصبّ عليهم مصائب نبمدتهم يتحملون- ويدخلون فی نيران فيقال سلام فيُحفظون و يُنعمون - اولٰئك هم الحامدون حقاً واولٰئك هم المقدسون والنجيّون فطوبٰی لهم ولمن صحبهم فانهم المنفردون والشافعون المشفعون - وهٰذه مرتبة لا تعطی الّا لمحبوبی الحضرة - و انما جاء الاسلام لتبيين تلك المنزلة ليخرج الناس من وهاد المنقصة. ويوصلهم الیٰ حظيرة القدس- و يهدی الیٰ مقام السعادة -و

وقتوں میں فریاد کرتے اور آہیں مارتے ہیں - کوئی نہیں جانتا کہ کس طرف کھینچے جاتے اور پھیرے جاتے ہیں- اُن پر مصیبتیں پڑتی ہیں اور وہ برداشت کرتے ہیں - آگ میں داخل کئے جاتے ہیں-پس کہا جاتا ہے کہ سلام پس بچائے جاتے ہیں - وہی سچے ثناخوان اور خدا کے مقرب اور ہم راز ہیں - اور اُن کو خوشخبری ہو - اور اُن کے ہم صحبتوں کو کیونکہ وہ شفاعت کرنے والے اور شفاعت قبول کئے گئے ہیں - اور یہ وہ مرتبہ ہے جو بجز درگاہ کے پیاروں کے اور کسی کو نہیں ملتا اور اسی کے بیان کے لئے اسلام آیا ہے تاکہ نقصان کے گڑھے سے لوگوں کو نکالے اور تقدس کے احاطے میں پہنچا وے - اور سعادت کے مقام تک رہبری کرے - اور غافلوں

پس محبوب خود را یاد آورند- واز چشم سر اشک رواں سازند - ودر پردۂ شب نالہا کشند و آہ زنند- کسی بر سر وقت شاں آگاہ نہ کہ بکدام طرف کشیدہ شوند مصیبتہا بر سر اوشاں فرو ریزد و برمی تابند - در آتش انداختہ شوند پس گفتہ شود سلام در زمان رستگار و ایمن گردند حقیقۃً اوشاں ثناگویان خدا ونزدیک وہمراز ویند - وایں مرتبہ ایست کہ غیر محبوبان الہٰی را دست بہم ندہد-اسلام جہت کشودن ہمیں راز آمدہ کہ از مغاک زیان مردم را بیروں کشد و درساحت تقدس رساند و تا بمقام سعادت کشاند - وغافلاں را از راہ ایں سرزنش کوفت وآزارے رساند

ينذر الغافلين ويصدم قلوبهم بوعيد مُدى القطيعة - وما تعلم ما الحمد والتحميد - وما اعلیٰ مقامه الرب الوحيد - وكفیٰ لك من عظمته ان الله ابتدء به كتابه الكريم - ليبيّن للناس عظمة الحمد و مقامه العظيم - وانه لا يفور من قلب إلّا بعد المحوية و الذوبان - ولا يتحقق إلّا بعد الانسلاخ و دوس اهواء النفس الثعبان - ولا يجري على لسان الّا بعد اضطرام نار المحبة في الجنان - بل لا يتحقق الّا بعد زوال اثر الغير من الموهوم والموجود - ولا يتولد

کو اِس دھمکی سے کوفتہ کرے کہ قطع تعلق کی کاردیں تیار ہیں - اور تجھے کیا خبر ہے کہ حمد کہتے کس کو ہیں اور کیوں اس کا بلند پایہ ہے - اور اُس کی عظمت سمجھنے کے لئے تجھے یہ کافی ہے کہ خدا نے قرآن شریف کی تعلیم کو حمد سے ہی شروع کیا ہے تا لوگوں کو حمد کے مقام کی بلندی سمجھاوے جو کسی دل میں سے بجز گداز ش اور محویت کے جوش نہیں مار سکتی - اور اُسی وقت متحقق ہوتی ہے جب کہ مار نفس امارہ کچلا جائے - اور نفسانی چولہ اتار لیا جائے - اور یہ حمد کسی زبان پر جاری نہیں ہو سکتی بجز اس کے کہ پہلے دل میں محبّت کی آگ بھڑکے - بلکہ یہ وجود پذیر ہی نہیں ہو سکتی جب تک کہ غیر کا نام ونشان بکلّی زائل نہ ہو جائے اور پیدا نہیں ہو سکتی

کہ نزدیک است کارد قطع تعلق پارہ پارہ شان سازد - تو چہ دانی حمد چیست واز چہ رو این پایۂ بلندی ویرا حاصل است - بزرگیٔ ویرا ازینجا تواں دریافت کہ خدائے تعالیٰ تعلیم قرآن را آغاز از حمد کرد تا مردم بر مقام بلندش آگاہ شوند و فوارۂ حمد از دل احدے جوش نزند تا محویت وگداز ش میسر نیاید - ودر وقتے سر بر زند و متحقق شود کہ مار نفس امارہ پامال دبکلی بدرآمدن از پوست انانیت و نفسانیت دست دہد - واین ستایش ابدا نمی شود بر زبانی رواں شود تا و قتیکہ زبانۂ محبت در دلی سر بر زند بل ممکن نیست صورت وجود بپزیرد تا اسم ورسم غیر بالمرّہ ناپید نشود - وہرگز

الّا بعد الاحتراق فی نار محبۃ المعبود - فمن القی نفسہ فی ھٰذہ النار - فھو یحمد اللّٰہ بقلب موجع و سر محو فی الحبیب المختار - وھو الذی یدعٰی فی السماء باسم احمد ویقرب و یدخل فی بیت الحرۃ وقصارۃ الدار - وھی دار العظمۃ والجلال یقال استعارۃ ان اللّٰہ بناھا لذاتہ القھار - ثم یعطیہ لحمّاد وجھہ فیکون لہ کالبیت المستعار - فیحمد ھٰذا الرجل فی السماء والارض بامر اللّٰہ الغفّار - و یدعٰی باسم محمّد فی الافلاک والبلاد

جب تک کہ ایک شخص آتش محبت معبود حقیقی میں جل نہ جائے - اور جو شخص اس آگ میں اپنے تئیں ڈال دے پس وہی اپنے دردمند دل اور اس سر سے جو خدا میں محو ہے خدا کی تعریف کرے گا۔ اور وہ وہی شخص ہے جس کو آسمان میں احمد کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور قریب کیا جاتا ہے اور عزت کے گھر اور قصارۃ الدار میں داخل کیا جاتا ہے اور وہ عظمت اور جلال کا گھر ہے جو بطور استعارہ کہہ سکتے ہیں کہ خدا نے اس کو اپنی ذات کیلئے بنایا پھر اس گھر کو بطور مستعار اس کو دے دیتا ہے جو اس کی ذات کا ثنا خوان ہو - پس یہ شخص زمین و آسمان میں خدا تعالےٰ کے حکم کے ساتھ تعریف کیا جاتا ہے - اور آسمانوں اور زمین میں محمّد کے نام سے پکارا

صہ

لباس ہستی نمی پوشد - تا خرمن بود کسے از آتش محبت معبود حقیقی پاک نسوزد - ہر کہ بر موخفتن در ایں آتش تن در دہد او تواند با دل دردمند و با سرّے کہ محو حبیب مختار شدہ ترا نہ یزد حمد بشود - ہماں کس است کہ بر آسمان اورا احمد گویند - او نزدیک کردہ شود و در بارگاہ عزت و ایوان مقصود بار یابد و آں مکان عزت و جلال است کہ از روئے استعارہ تواں گفت خدا آنرا بجہت ذات خویش بنا ساختہ - و باز خدا آں خانہ را بطور مستعار بکسے مسترد کند کہ ثنا خوان اوست پس آں کس باذنِ الٰہی در آسمان و زمین ستودہ و در آسمان و زمین بنام محمّد یاد کردہ شود۔

والدیار - ومعناہ انہ حُمِدَ حمدًا کثیرًا واتفق علیہ الاخیار من غیر الانکار - وان ھٰذین الاسمین قد وُضعا للنبیّ من یوم بناء ھٰذہ الدار - ثم یعطیان للذی صار لہ کالاظلال و الاٰثار - و من اُعطی من ھٰذین الاسمین بقبس فقد انیر قلبہ بانواع الانوار - وقد جرٰی علٰی شفتی الرسول المختار - ان اللہ یرزق منھما عبدًا لہ فی آخر الزمان کما جاء فی الاخبار - فاقرءوا ثم فکّروا یا اولی الابصار -

فالغرض ان الاحمدیۃ والمحمدیۃ امر جامع دُعی الموحدون الیہ -

جاتا ہے - جس کے یہ معنے ہیں کہ بہت تعریف کیا گیا - اور یہ دونوں اسم ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ابتداء دنیا سے وضع کئے گئے ہیں پھر بعد اس کے اُس شخص کو بطور مستعار دیئے جاتے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بطور اظلال و آثار ہو - اور جس شخص کو ان دونوں ناموں سے ایک چنگاری دی گئی تو اُس کا دل کئی قسم کے نوروں سے روشن کیا گیا - اور رسول مختار کے لب مبارک پر جاری ہُوا تھا کہ خدا تعالٰے آخری زمانہ میں ایک اپنے بندے میں یہ دونوں صفتیں جمع کردیگا جیساکہ حدیثوں میں وارد ہے - پس اے دانشمندو! ان حدیثوں کو پڑھو اور سوچو -

اب غرض یہ ہے کہ احدیّت اور محمدیّت ایک ایسا امر جامع ہے کہ تمام موحد اسکی طرف بلائے گئے ہیں

ومعنی ایں کلمہ است بسیار ستودہ شدہ - ایں ہر دو نام برائے نبی ما (صلی اللہ علیہ وسلم) از آغاز آفرینش موضوع شدہ و باز مستعارًا ایں ہر دو نام بکسے ہم کرامت می شود کہ از آں نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) بمنزلہ ظل و آثار باشد - و ہر کہ اورا ازیں دو نام اخگری و نکار کردند دل او بگونا گوں انوار روشنی یافت - و بر زبان وحی ترجمان آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) رفتہ کہ خدا تعالیٰ شانہ در زمانہ پسین بندہ را از بندگان خود بہ تخلیہ ایں دو نام تزئین ایں دو صفت ممتاز و مفتخر خواہد کرد پس ای دانشمندان احادیث بخوانید و نیکو اندیشہ بفرمائید -

خلاصہ احدیّت و محمدیّت امر جامعی مے باشد کہ ہمہ موحدین بسوی آں خواندہ شدند -

ولا یتم توحید نفس الابحد ان یری فی وجودہ تحقق جنبیہ۔ ولا تصیر نفس مطمئنۃ۔ ولا تتنزل علیٰ قلب سکینۃ۔ الّا ان یکون سابحًا فی ھٰذہ اللجۃ۔ ولا ینجو احد من مکائد الامّارۃ۔ الّا ان یحصل لہ حظ من ھٰذہ المرتبۃ۔ والذین بعدوا منھا وما اخذوا منھا حصۃ ترھقھم ذلۃ فی ھٰذہ ویوم القیامۃ۔ ھم الذین یمشون علی الارض کغثاء علی السیل۔ کانما اغشیت وجوھم قطعًا من اللیل یتولدون محجوبین و یعیشون محجوبین ویموتون محجوبین۔ اولٰئک الذین اعرضت قلوبھم

اور کسی نفس میں کامل طور پر توحید پیدا نہیں ہوتی جب تک کہ یہ دونوں پہلو اس میں متحقق نہ ہوں۔ اور کوئی نفس مطمئن نہیں ہو سکتا اور کسی دل پر سکینت نازل نہیں ہو سکتی جب تک کہ وہ اس دریا میں تیرنے والا نہ ہو۔ اور کوئی شخص نفس امّارہ کی مکاریوں سے نجات نہیں پا سکتا جب تک کہ اُس کو یہ مرتبہ حاصل نہ ہو۔ اور جو لوگ اِس مرتبہ سے دُور رہے اور کوئی حصہ اس میں سے نہ لیا اُنکو اس دنیا اور قیامت میں ذلت پہنچیگی۔ وہ وہی ہیں جو سیلاب کے خس و خاشاک کی طرح زمین پر چلتے ہیں۔ اور ایسے بدرو ہیں کہ گویا ایک ٹکڑا رات کا اُن کے مُنہ پر ہے۔ وہ پردوں میں پیدا ہوتے ہیں اور پردوں ہی میں جیتے ہیں اور پردوں میں ہی مرتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دل خدا تعالیٰ کی

وہیچ نفسے از نفوس را نرسد دم از توحید کامل بزند تا وقتیکہ ایں ہر دو شق در وے متحقق نگردد و احدے اطمینان نیابد و سکینت بروے فرود نیاید تا قدرت بر شنا کردن درایں دریا دستش ندہد۔ و نمی شود کسے ایمن از مکاریہائے نفس امّارہ بنشیند تا بایں مرتبہ فائز نشود۔ و آنہائیکہ ازیں مرتبت حرمان نصیب بمانند و بہرۂ ازاں نگرفتند در دنیا و عقبیٰ ہمدوش ذلت و ہمکنار فضیحت خواہند بود۔ امثال ایں ناکساں ورنگ خس و خاشاک در راہ سیل رفتار کنند و در زشت روئی بشابۂ می باشند کہ گوئی پارہ ہائے شب تار برقع وار بر رُخ نازیبائے آنہا پوشانیدہ شدہ است۔ محجوب زیند و محجوب میرند۔ اینہا کسانے می باشند کہ

من حمد ربهم وضيعوا اعمارهم
في حمد اشياء اخرى او رجال
آخرين. فبشرى لنا معشر الاسلام.
قد بعث لنا نبي بهذه الصفة و
هذا الكمال التام. وسمّي احمد و محمدا
من الله العلّام. ليكون هذان الاسمان
بلاغا للامّة و تذكيرا لهذا المقام.
الذي هو مقام الفناء والانقطاع و
الانعدام. لترغب الامة في هذه
الصفات وتتبع اسمي خير الانام.
وقد ندب عليهما اذ قيل حكاية
عن الرسول فاتبعوني يحببكم الله
فاهتزت ارواحنا عند وعد
هذا الجزاء والانعام. وقلوبنا ملئت

تعریف سے کنارہ کرتے ہیں۔ اور دوسروں کی تعریفوں
میں انہوں نے اپنی عمریں ضائع کیں۔ پس ہم
جو اسلام کا گروہ ہیں ہمیں خوشخبری ہو کہ ہمیں
احمدیت اور محمدیت کی صفت والا نبی ملا اور
اُس کا نام خدا تعالیٰ کی طرف سے **احمد** اور **محمد**
ہُوا تاکہ اس کے دونوں نام اُمّت کے لئے ایک
تبلیغ ہو۔ اور اس مقام کیلئے یہ ایک یاددہانی ہو۔
وہ مقام جو فنا اور غیر اللہ سے منقطع ہونے اور
معدوم ہونے کا مقام ہے تاکہ اُمت اِن صفتوں میں رغبت
کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اِن دونوں ناموں کی
پیروی کرے اور پیروی کیلئے قرآن شریف میں بلایا گیا ہے
جبکہ رسول کی زبان سے کہا گیا کہ آؤ میری پیروی کرو تا خدا تم
پیار کرے۔ پس یہ سُنکر کہ یہ انعام ملیگا ہماری روحیں
جنبش میں آئیں اور ہمارے دل شوق سے بھر گئے

دلہاشاں پشت بر حمد رب خویش کردہ و بحمد چیزہائے دیگر آوردہ عمر گرامی را دریں بطالت برباد فنا دادند۔ گروہ ما اہلِ اسلام را
مژدہ باد کہ از برائے ما نبی موصوف بصفت احمدیت و محمدیت مبعوث شدہ۔ و ایں دونام از قبل خدائے بزرگ بجہت آں بود گذاشتہ
کہ از پئے امت تبلیغ و برائے ایں مقام تذکیر و یاد دہانیدنی باشد۔ مقامے کہ بجز از فنا و بریدن از ما سوائے خدا
حاصل نشود تا امت را تشویق و ترغیب برائے حصول ایں مقام در دل خیزد و لادۂ پیروی ایں دونام مبارک در
طبیعت شاں طرح ظہور ریزد۔ و قرآن بسوئے پیروی ایں دونام میخواند چوں از زبان رسول ایں قول میراند کہ در پس من
بیائید تا خدا شمارا دوست دارد۔ و چوں ایں ندا بگوش ما رسید کہ ہمچو انعام ما را ارزانی خواہند داشت جنبشے در

شوقا وصارت اشکالها ککئوس
المدام - وما اعظم شان رسول
ما خلا اسمه من وصیّة الامّة
بل ملاٴ من تعلیم الطریقة - و
یهدی الیٰ طرق المعرفة - واشیر
فی اسمه الیٰ منتهی مراحل سبل
حضرة العزّة - واومی الیٰ نقطة ختم
علیها سلوک اهل المعرفة - اللّٰهم فصل
علیه وسلم واٰله المطهرین الطیبین -
واصحابه الذین هم اسود مواطن
النهار ورهبان اللیالی ونجوم الدین
رضی اللّٰه عنهم اجمعین -
اما بعد فهذه رسالة فیها
بیان ما استبضعت متاعًا من ربّی.

اور اُن کی شکلیں یوں ہوگئیں جیسا کہ شراب سے
بھرے ہوئے کوزے ہوتے ہیں اور اُس رسول کی کیا ہی بلند
شان ہے جس کا نام بھی وصیّت سے خالی نہیں -
بلکہ خدا جوئی کے طریقہ کی اس سے تعلیم ملتی ہے اور
معرفت کی راہوں کی طرف وہ ہدایت کرتا ہے - اور
اسمیں اس نقطہ کی طرف اشارہ ہے جس پر اہلِ معرفت کے
سلوک ختم ہوتے ہیں - اور نیز خداشناسی کے آخری مقام
کی طرف اشارہ ہے - پس اے خدا! اس
نبی پر سلام اور درود بھیج اور اُس کے آل پر جو
مطہر اور طیّب ہیں اور اُس کے اصحاب پر جو دن
کے میدانوں کے شیر اور راتوں کے راہب ہیں اور
دین کے ستارے ہیں - خدا کی خوشنودی اُن سب کے شامل حال ہو -
اس کے بعد واضح ہو کہ یہ ایک رسالہ ہے جس میں
بیان اُس متاع کا ہے جو بطور تجارتی مال کے میرے رب سے

بدانہائے ما پدید آمد و دلہا از شوق لبریز و شکل آنہا بطوری شد کہ گوئی جامہائے پُر از آب آتشین می باشند مغز خدۂ مولیٰ
دعبدا شان بلند وی کہ نام پاکش ہم مشتمل بر وصیّت و نصیحت امت می باشد - نہ تنہا ہمیں قدر بلکہ آں نام مبارک تعلیم
طریق ہائے حق جوئی و خدا پژوہی وایمائی بآں نقطہ کند کہ سلوک اہل معرفت بدانجا بآخر رسد و مقام آخری خداشناسی
آں باشد - پس اے خدا برآں نبیٔ کریم سلام و درود بفرست و برآل او کہ پاکیزہ اند و بر اصحاب او کہ در میدان نبرد
شیران بیشۂ وغا و در پس پردۂ شب تا بیک بیداردلان رہبان نما و نجوم بزم افروز ملت بیضا بودند - خدائے رحیم افسر خوشنودی
برفرق ہمگنان پوشانید -
پوشیدہ نماند کہ ایں رسالہ بیان آں بضاعت را کند کہ بطور مالِ تجارة از خدا بر من ارزانی شدہ - و

وما نبع فی زمان ملاح السراب من عین فی سرّی۔ باذن مولیٰ موّلی وشرعتها یوم الخمیس وختمتها بکرة عروبة۔ من غیر ان اکابد الصعوبة۔ وانی الّفت هٰذہ الرسالة اتمامًا للحجّة۔ وبادرت الیها شفقة علی الغافلین من هٰذہ الامّة۔ ومثلت تحننا علی الضحفلو من هٰذہ العصبة۔ وانی اریٰ فی دعوتی صلاح الرجال منهم والنسوة۔ ولو کانت رابعة بنسکها والحفة۔ وعوّضتها عما اشاع المخالفون فی هٰذہ الایام۔ واودعتها من نکات المعارف ودقائق

مجھ کو ملی ہے۔ اور بیان اُس چشمہ کا ہے جو سراب کی چمک کے زمانہ میں میرے پروردگار کے اذن سے میرے دل میں سے پھوٹا اور میں نے اس کو جمعرات کے دن شروع کرکے جمعہ کی صبح پورا کر دیا بغیر اس کے جو مجھ کو کوئی تکلیف پہنچی اور میں نے اس رسالہ کو حجت کے پوری کرنے کے لئے تالیف کیا ہے۔ اور اس امت کے غافلوں کی ہمدردی کے لئے میں نے جلدی سے یہ کام کیا۔ اور میں خادموں کی طرح اس کام کیلئے اسلامی جماعت کے کمزوروں کیلئے کھڑا ہوا۔ کیونکہ میری دعوت کے قبول کرنے میں ان کے زن و مرد کی بھلائی ہے۔ اگرچہ اپنی عبادت اور زہد کے ساتھ رابعہ وقت ہوں۔ اور یہ اُن تحریروں کا بدل ہے جو ان دنوں میں مخالفوں کی طرف سے نکلیں۔ اور اس میں میں نے عمدہ عمدہ ملت اسلامی کے نکتے اور باریک باتیں

صحبت آنان چشمہ دارد کہ مشتمل برلب چشمان بلوں پروردگار ہمان دہانیان از تنگ دل من بجوش آمد و روز پنجشنبہ شروع مثل کردم۔ و پگاہ روز آدینہ بانجام رسانیدم۔ و در این کار ہیچ گونہ زحمتی پیش من نیامد۔ و این رسالہ بجہت اتمام حجت تالیف داوم و لشفقت و رحمت برنادانان این امت رنگ۔ جانم را بحرکت آورد تا در این امر باکام تندی رفتار نمودم۔ از کمال رأفت چون شاگردان و نوکران بجہت ہمدردی ناتوانان ملت بر پا استادم چہ بہبود مردان و زنان البتہ بستہ بہ قبول دعوت من است اگرچہ کسی از فرط زہد و عبادت رابعہ وقت ہم باشد۔ و این رسالہ در تلافی آن نوشتہ ہا می باشد کہ مخالفان امروز رو زیر روئے کار آوردہ اند۔ من صد شکر این رسالہ را مانند جواہر از نکات اسلام ملالی کمنونہ معارف و دقائق

ملّة الاسلام۔ وهذه لهم كفوات
فی لسانین منّی و من نور محبّتی
وزاد الانجلیزیة و الفارسیة علیها
بعض احبّتی۔ وما وهنوا وما
استقالوا بل حفدوا الی اسعاف
منیتی۔ وکل هذا من ربّی
کان نیل نطقی۔ لا رادّ لارادته۔ ولا
صادّ لمشیّته۔ ولا مانع لفضله۔
ولا کافئ لنصله۔ ولقد
کادت انوار الاسلام تغرب
و انواءه تعزب لولا ان الله
تدارک الامّة علی رأس هذه المائة
وتلافی المحل بمزنة الرحمة والعاطفة۔
فاشکروا هذا المولی المحسن ان کنتم مؤمنین

درج کی ہیں اور یہ رسالہ مخالفوں کے لئے ایک
فریادرس ہے جس کو مَیں نے جوش محبّت سے دو زبانوں
میں لکھا ہے اور میرے بعض دوستوں نے فارسی انگریزی
زبان کو اس پر زیادہ کیا۔ اور وہ نہ سست ہوئے اور
نہ اس کام سے معافی چاہی بلکہ میری آرزو کے پورا
کرنے کیلئے دوڑے۔ اور یہ سب کچھ میرے خدا کے فضل سے
ہے۔ اُس کے ارادے کو کوئی ردّ نہیں کر سکتا اور اُس کی
مشیت کو کوئی روک نہیں سکتا۔ اس کے فضل کو کوئی منع
کرنیوالا نہیں۔ اُسکی تلوار کو کوئی پیچھے ہٹانیوالا نہیں۔
اور اگر وہ اس امت کا صدی کے سر پہ تدارک نہ کرتا اور قحط
کے دنوں کی اپنی رحمت اور مہربانی سے تلافی نہ فرماتا
تو اسلام کے تمام نور ڈوب چکے تھے اور دینی
بارشوں کے ستارے دُور چلے گئے تھے۔ سو
اگر تم مومن ہو تو اُس محسن آقا کا شکر کرو۔

درج کردم۔ فی الحقیقۃ ایں رسالہ مخالفان را بمنزلہ فریادرسی است کہ از فرط جوش محبت در دو لسان عربی و اردو ترقیم
کردم و بعضے از دوستانم لسان انگلیسی و پارسی را برآں افزودند و کسل و جبن را بخود راہ ندادند و نہ از قبول
ایں فرمایش پوزش نمودند بل از برائے برآمدن کام من بپایائے سر بشتافتند۔ و ایں ہمہ از محض فضل پروردگار من است
کسے را زہرۂ آں نہ کہ بجنگے رد ارادہ اش کند و یارائی آں نہ کہ مشیت وی را دست ممانعت در پیش آرد۔
فضل وی را کسے منع کند خیال محال است و تیغ بران وی را اعدے سپر دفع پیش کند کرا مجال۔ و اگر او
برسر صد ایں امت را در نیافتی و در ایام قحط از رحمت و فضل تدارک مافات نہ فرمودی البتہ کشتی اسلام
در چار موجۂ فنا فرو رفتہ و تاریکی جائے نورش را گرفتہ و ستارہ ہائے باران دین بعید شدہ بود۔ پس اگر
بوئے از ایمان دارید باید بہزار جان شکر آں مولائے محسن بجا آرید۔

و ان رسالتی ھٰذہ قد
خصصت بقومی الذین ابوا دعوتی
و قالوا افیکۃ افاک و حسبوھا
فریتی۔ وظنّوا انّھا عضیھۃ
وھتکوا بسوء الظنّ عرضی و
حرمتی۔ فالجأنی وجدی التھالک
الی النصیحۃ و المواسات۔ واللّٰہ
یعلم ما فی صدور عبادہ و
ھو علیم بالنّیات۔ ومطلع علی
المخفیات۔ وخبیر بما فی العالمین
و انی لا اری حاجۃ فی ھٰذہ الرسالۃ۔
الی ان اکتب دلائل الملّۃ الاسلامیۃ
او انمق نبذا من فضائل خیر البریّۃ۔
علیہ صلوات السلام والتحیۃ۔

اور یہ میرا رسالہ میری قوم سے
خاص ہے جنہوں نے میری دعوت سے انکار
کیا اور یہ کہا کہ یہ ایک کذاب کا جھوٹ ہے، اور
میری بات کو دروغ سمجھا۔ اور گمان کیا کہ یہ ایک
بہتان ہے اور بدظنّی سے میری ہتک عزت کی پس
میرے غم و اندوہ نے جو کمال تک پہنچا ہوا ہے، نصیحت
اور غمخواری کی طرف مجھے تحریک کی۔ اور خدا تعالیٰ
اپنے بندوں کی نیتوں کو جانتا اور اُن کے پوشیدہ
بھیدوں پر اطلاع رکھتا ہے۔ اور وہ تمام
دنیا کے حالات سے آگاہ ہے۔ اور میں اِس
رسالہ میں اس بات کی طرف کچھ حاجت نہیں پاتا
کہ مذہب اسلام کی حقیقت کے دلائل لکھوں یا کچھ
فضائل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کروں۔
کیونکہ اسلام وہ دین بزرگ اور سیدھا

و ایں رسالہ مخصوص بجہت قوم من است۔ اعنی بجہت آنہائے کہ دعوت مرا دست ردّ بر سینہ زدند و
گفتند کہ ایں دروغ و جعل سازی است و گمانیدند کہ آں را از قبل نفس خود تراشیدہ م۔ و تار دپود لاف و گزافی چند
را برہم بافیدم و از شآمت ظن بد در پوستینم افتادند۔ ہر طور ممکن بود داد تحقیر و ہتک آبروی من در دادند۔
لاجرم اندوہ و غم من کہ پایانی ندارد مرا بر غمگساری و ہمدردی انہا آمادہ کرد۔ دانای نہان و آشکار آگاہ بر
آہنگ و بسیج بندہ ہائے خود می باشد و ہم چنیں حوال ہمہ جہان بروے پوشیدہ نیست۔ آنچہ من می بینم
احتیاج ندارد۔ در ایں رسالہ دلائل حقیقت اسلام برنگارم یا اندکے از فضائل بو مزایائے حضرت سرور کائنات (صلی اللہ علیہ وسلم)

فان الاسلام دين عظيم وقويم ادرع
عجائب الآيات - ونبيّنا نبي كريم فمعطّر
بطيب عميم من البركات - وصيغ
من نور ربّ الكائنات - وجاءنا عند
شيوع الضلالات وسفر عن
مرئى وسيم وادرج نسيم
لافاضات - وشقّ على سرب
الباطل من الغارات - وتراءى في
صدقه كاجلى البديهيات - و
انه هدى قومًا كانوا لا يرجون
لقاء الرحمٰن - وكانوا كاموات
ما بقى فيهم روح الايمان والعمل
والعرفان - وكانوا يعيشون يائسين
نهداهم وهذّبهم ورفعهم و

ہے جو عجائب نشانوں سے بھرا ہُوا ہے - اور
ہمارا نبی وہ نبیٔ کریم ہے جو ایسی خوشبو سے معطّر کیا
گیا ہے جو تمام مستعد طبیعتوں تک پہنچنے والی اور
اپنی برکات کے ساتھ اُن پر احاطہ کرنیوالی ہے - اور وہ نبی
خدا کے نور سے بنایا گیا اور ہمارے پاس گمراہیوں کے پھیلنے کے وقت
آیا - اور اپنا خوبصورت چہرہ ہم پر ظاہر کیا - اور ہمیں فیض
پہنچانے کیلئے اپنی خوشبو کو پھیلایا اور اُس نے باطل پر
دھاوا کیا - اور اپنے تاراج سے اُسکو غارت کردیا - اور
اپنی سچائی میں اجلی بدیہیات کی طرح نمودار ہُوا - اُس نے
اُس قوم کو ہدایت فرمائی جو خدا کے وصال کی اُمید
نہیں رکھتے تھے - اور مُردوں کی طرح تھے جن میں
ایمان اور نیک عملی اور معرفت کی رُوح نہ تھی -
اور نومیدی کی حالت میں زندگی بسر کرتے تھے -
اور ان کو ہدایت کی اور مہذب بنایا اور معرفت کے

برشمارم چہ اسلام آں دیانۂ بزرگ و راست است کہ جہاں جہاں نشان شگرف ہمراہ دارد - و نبیٔ ما آں نبی کریم
وسیم و معطر بہ عطرے است کہ بمشام جان ہر فطرۂ سلیمہ مستعدہ رسد - و آں نبی کریم پیرایۂ وجود از نور پروردگار
پوشیدہ و در وقتے درمیانۂ ما ظہور فرمودہ کہ شب ضلالت دامن سیاہ بر عالم فروہشتہ بود و روئے زیبائی
خود را بر ما جلوہ داد و بوئے خوش خود را مہر از حقہ بکشاد تا فیض ہا گیریم و فائدہ ہا برداریم - و بیکبار بر سپاہ
باطل بریخت و تار و پودش را از آں حملہ از ہم بگسیخت و صدق و حقیت او بلند تر از ستیز و آویز منازع و
منازعات است - زیرا کہ ہویدا و واضح و از اجلی بدیہیات است - آں ہادی کامل قومی را راہ حق نمود کہ نومید از لقای حق در دہ دار
بسر می بردند - و چوں کالبد بے جان تہی از روح معرفت و کردار نیک بودہ چشم امید بر ہم بستہ بودند - و بدیشاں راہ نمود

اوصلهم الى اعلى مدارج المعرفة۔
وكانوا من قبل يشركون ويعبدون
تماثيل من الحجارة ۔ ولا يومنون
بالله الاحد الصمد ولا بيوم الآخرة۔
وكانوا يعكفون على الاصنام ۔ ويعزون اليها
كلّما هو قدر الله الحكيم العلّام ۔ حتّى عزوا
اليها انزال المطر من الغمام ۔ واخراج الثمار
من الاكمام ۔ وخلق الاجنّة فى الارحام۔
وكل امر الحيات والحمام ۔ وكان
يعتقد كل منهم وثنه معوانا۔
وعند النوائب مستعانا ۔ و
عند الاعمال ديّانا ۔ وكان
كل منهم يُهرع الى تلك
الحجارة حريصًا ۔ ويحفد اليها

اعلیٰ درجوں تک پہنچایا۔ اور اس سے پہلے وہ
شرک کرتے اور پتھروں کی پوجا کرتے تھے۔
اور خدائے واحد اور قیامت پر اُن کو ایمان نہ
تھا۔ اور وہ بتوں پر گرے ہوئے تھے۔ اور
خدا تعالیٰ کی قدرتوں کو بتوں کی طرف منسوب
کرتے تھے۔ یہاں تک کہ مینہہ کا برسانا۔ اور
پھلوں کا نکالنا اور بچوں کو رحموں میں پیدا کرنا
اور ہر ایک امر جو موت اور زندگی کے
متعلق تھا تمام یہ امور بتوں کی طرف منسوب
کر رکھے تھے۔ اور ہر ایک ان میں سے اعتقاد رکھتا تھا
کہ اس کا ایک بڑا بھاری مددگار بت ہے جس کی وہ
پوجا کرتا اور وہی بُت مصیبتوں کے وقت اُسکی
مدد کرتا ہے اور عملوں کے وقت اسکو جزا دیتا ہے اور
ہر ایک اُن میں سے اُن ہی پتھروں کی طرف دوڑتا تھا اور

واز تہذیب بر کمال مدارج معرفت رسانید۔ و پیش ازاں وقت مشرک بودند۔ و بُت ہا را می پرستیدند
و با خدائے یگانہ بے نیاز و روز پسین ایمان نداشتند۔ و برپرستش بُت ہا نگوں افتادہ بودند۔
و قدرت ہائے یزداں را نسبت بہ بُتاں میدادند۔ چنانچہ فرود آوردن باران و بدر دادن بر و بار را
از آستین شاخہا و آفریدن بچہ ہارا در شکم و ہر امر مرگ و زیست را منسوب بہ بُتہا می کردند۔ و
ہر تنے از انہا بت خود را یار در ہنگام بلاہا یاور و ساز گار و پاداش دہندہ کار گماں می برد۔ و نادانان
بجان و دل بسوئے بتان مے دویدند و روئے فریاد و نیاز باینہا مے آوردند۔ غرض ہمچنیں از

مستغیثا۔ وکذالك ترکوا ضوء النهار واتخذوا اللیل مقاماً۔ وادلجوا کل فیه واحبّوا ظلاماً۔ وکانوا یهتزون بها هزة من فاز بالمرام۔ اوکمن اکتبه قنص فاخذه من غیر رمی السهام۔ وکانوا قد علق بقلبهم انهم یعطون کل مرادهم من الاصنام۔ وحسبوا ان الله منزه عن تلك الاهتمام۔ وزعموا انه اعطی لالهتهم قوة وقدرة فی عالم الارواح والاجسام۔ وکساهم رداء الوهیته

اور اُن ہی کے آگے فریاد کرتا تھا۔ اور اسی طرح انہوں نے روشنی کو چھوڑا رات کو اپنا قیام گاہ بنایا۔ اور اندھیرے سے پیار کر کے رات میں داخل ہوئے۔ اور بتوں کے ساتھ وہ لوگ ایسے خوش ہوتے تھے جیسا کہ کوئی ایک مراد پا کر خوش ہوتا ہے یا جیسا کہ وہ شخص خوش ہوتا ہے جس کے قابو میں آسانی سے جنگلی شکار چڑھ جاتا ہے اور بغیر تیر مارنے کے پکڑا جاتا۔ اور اُنکے دل میں یہ ذہن نشین تھا کہ اُنکے بت تمام مرادیں اُنکی دے سکتے ہیں۔ اور وہ لوگ خیال کرتے تھے کہ خدا تعالیٰ ان تکالیف سے کہ کسی کو مراد دیوے اور کسی کو پکڑے پاک اور منزہ ہے اور اُن نے یہ تمام قوتیں اور قدرتیں جو عالم ارواح اور اجسام کے متعلق ہیں اُن کے بتوں کو دے رکھی ہیں۔ اور عزت بخشی کے ساتھ الوہیت کی چادر

ساخت روز روشن بدون رفتند و در کنج تنگ و تار شب جا گرفتند۔ و با بتان آنچنان خرم و شاد می زیستند کہ شخصے کہ کام جانش در کنار آمد یا مانند کسے کہ نخچیرے آسان در چنبر او افتاد و بے انداختن تیر براو دست یافت یقین انہا بود کہ بت ہا توانائے ہر چہ تمامتر بر برآوردن ہرگونہ کام دارند و خدا را از این چپقلش و دار و گیر کہ کسے را کام روا کند و کسے را بگیرد برتر و بلند می پنداشتند۔ و گمان داشتند کہ خدا ہمہ قدرت و قوت کہ تعلق بعالم اجسام و ارواح دارد بت ہا را سپردہ داد و راہ آبرو افزائی و بندہ پروری دیہیم و افسر الوہیت بر فرق آنہا نہادہ۔

بالاعزاز و الاکرام - وھو مستریح علی عرشہ و فارغ من ھٰذہ المھام - وھم یشفعون عبدتہم و ینجون من الآلام - ویقربون الی اللہ زلفٰی ویعطون مقصد المستھام - وکانوا مع تلک العقائد یعملون السیٔات و بھا یتفاخرون - و یزنون و یسرقون - ویاکلون اموال الیتٰمٰی من غیر الحق و یظلمون - ویسفکون الدماء و ینھبون - ویقتلون نفوسًا زکیۃ و لا یخافون - وما کان جریمۃ الا فعلوھا وما من الٰھۃ باطلۃ الا عبدوھا اضاعوا اٰداب الانسانیۃ - و

اُن کو پہنا دی ہے - اور خدا عرش پر آرام کر رہا ہے - اور ان بکھیڑوں سے الگ ہے اور اُن کے بُت اُن کی شفاعت کرتے اور دردوں سے نجات دیتے ہیں - اور خدا کا قرب اُن کے ذریعہ سے میسر آتا ہے اور سرگردان لوگوں کو اُنکے مقاصد تک پہنچاتے ہیں - اور باوجود ان عقیدوں کے پھر بدکاریاں کرتے تھے اور اُنکے ساتھ فخر کرتے تھے اور زنا کرتے اور چوری کرتے اور یتیموں کا ناحق مال کھاتے اور ظلم کرتے - اور خون کرتے اور لوگوں کو لوٹتے - اور بچوں کو قتل کرتے اور ذرا نہ ڈرتے - اور کوئی گناہ نہ تھا جو انہوں نے نہ کیا - اور کوئی جھوٹا معبود نہ تھا جس کی پوجا نہ کی - انسانیت کے ادبوں کو ضائع کیا - اور

و خود بر عرش آرام و بیکار دست بر زنخ بالائے عرش قرار گرفتہ دامن بر ایں ہمہ دردسرہا برافشاندہ - بت ہا ہرچہ خواہند کنند شفیع می شوند و از ہر رنج و الم رستگاری می بخشند نزدیک خدا می سازند و آشفتہ حالاں نامراد را بر مراد می رسانند - و باایں معتقدات ہر نوع کار بدے کردند و ناز بران داشتند - زنا می کردند - دزدی می کردند و بیداد می کردند و بناحق مال یتیمان می خوردند و خون ناحق می ریختند و راہ ہا می بریدند - و بچہ ہا را می کشتند و ہیچ باک و ہراس نداشتند - گناہی نہ کہ نہ کردن آں بر کمال نہ رسیدند - و معبودی باطل نہ کہ آنرا نہ پرستیدند - آداب انسانی از دست دادہ

زایلوا طرق اخلاق الانسیة۔ وصاروا کالوحوش المبرّیة۔ حتّٰی اکلوا لحم الابناء والاخوان۔ و تعضموا کل جیفة وشربوا الدماء کالالبان۔ وجاوزوا الحد فی المنکرات وانواع الشقا۔ و فعلوا ما شاءوا کاوابد الفلا۔ ولم یزل شعراؤهم یلوکون اعراض النساء۔ وامراؤهم یداومون علی الخمر والقمار والجفاء۔ وکانوا اذا بخلوا یتلفون حقوق الاخوان و الیتمٰی والضعفاء۔ واذا انفقوا ینفقون اموالهم فی البطر والاسراف و الریاء واستیفاء الاهواء۔ وکانوا

انسانی خلقوں سے دُور جا پڑے۔ اور وحشی جانوروں کی طرح ہو گئے۔ یہاں تک کہ بیٹوں اور بھائیوں کے گوشت کھائے۔ اور ہر ایک مُردار کو بتمامتر حرص کھایا۔ اور خون کو یوں پیا جیسا کہ دودھ پیا جاتا ہے اور بدکاریوں اور خدا تعالیٰ کی نافرمانیوں میں حد سے گذر گئے۔ اور جنگلی حیوانوں کی طرح جو کچھ چاہا کیا۔ اور ہمیشہ اُن کے شاعر دریدہ دہنی سے عورتوں کی بے عزتی کرتے اور اُن کے امراء کا شغل قماربازی اور شراب اور بدی تھی۔ اور جب بخل کرتے تھے تو بھائیوں اور یتیموں اور غریبوں کا حق تلف کر دیتے تھے۔ اور جب مالوں کو خرچ کرتے تھے تو عیاشی اور فضول خرچی اور زناکاری اور نفسانی ہوا اور ہوس کے پورے کرنے میں خرچ کرتے اور نفس پرستی کا

واز اخلاق نیک بمراحل دُور افتادہ۔ سراپا چوں دد و دام گردید و گوشت برادران و پسران را گوارا و نوش جان دیدہ۔ ہر گونہ مردارے را باز بسیار میخوردند۔ وخون را چوں شیرے آشامیدند۔ و در بدکرداریہا وسیاہ کاریہا پا از پایان بروں کشیدہ بودند۔ وچوں دواں بیشہ ہر چہ خواستند کردند۔ وشاعران اینہا از ہرزہ سرائی ودریدہ دہنی در پوستین زنان می افتادند۔ وتوانگران ودانندگان بر قماربازی و مےخواری وبدی وتیرہ کاری سر فرود آوردہ بودند۔ اگر بخل ورزیدند تلف ساختن حقوق برادران ویتیمان ومُزدوران را باکی نگرفتند۔ وچوں برصرف مال دست کشادند داد تن پروری وکامرانی واسراف وریا دادند۔ ہیچ بارِ

يقتلون اولادهم خوفا من الاملاق
والخصاصة - ويقتلون بناتهم
عارًا من ان يكون لهم ختن من
شركاء القبيلة - وكذالك كانوا
يجمعون في انفسهم اخلاقًا ردية -
وخصائل رذيلة مهلكة - حتّٰى كثر فيهم
حزب المقرفين الزنيمين - وعاهرات
متخذات اخدانا والزانين - والذين
كانوا يخالفون آثار مهيعهم
فكانوا يخافون عند نصحهم
على عرضهم ونفسهم واهل
مربعهم - فالحاصل ان العرب
كان قوم لم يواجهوا في مدة عمرهم
تلقاء الواعظين - وكانوا لا يدرون ما

کو انتہا تک پہنچاتے تھے - اور وہ لوگ اپنی اولاد کو
مفلسی اور تنگ دستی کے خوف سے قتل کر دیا کرتے تھے -
اور بیٹیوں کو اس عار سے قتل کرتے تھے کہ تا قبیلہ میں انکا
کوئی داماد نہ ہو - اور اسی طرح انہوں نے اپنے اندر
اخلاق ردیہ اور رذیل خصلتیں جمع کر رکھی تھیں -
یہاں تک کہ اُن میں ایک جماعت بداصلوں اور
ولد الحراموں کی ہو گئی تھی - اور عورتیں زانیہ آشناؤں
سے تعلق رکھنے والیں اور مرد زانی پیدا ہو گئے تھے اور
جو لوگ اُن کی راہ کے مخالف ہوتے تھے وہ نصیحت
دینے کے وقت اپنی عزت اور جان اور گھر کی نسبت
خوف کرتے تھے غرض عرب کے لوگ ایک
ایسی قوم تھی جن کو کبھی واعظوں کے
وعظ سننے کا اتفاق نہ ہوا اور نہیں جانتے
تھے کہ پرہیزگاری اور پرہیزگاروں کی

از بیم گرسنگی و ناداری می کشتند - و دختران را از ننگ آں کہ نباید از دودمان کسے بداماد سر بلندی
بکنند بر خاک ہلاک می لث زدند - ہمچنیں روشہائے ناپسندیدہ و خوہائے نکوہیدہ در
خود گرد آوردہ بودند - تا اینکہ در آنہا گروہے بسیار از حرام زادہ ہائے بدنژاد و زنان لولی
نہاد کہ در نہان با آشنایان در مے آمیختند پدیدار گشتند - و آنانکہ خلاف راہ آں
بدسرشتاں رفتارے کردند ہموارہ وقت اندرز دہند بر جان و مال و اہل و آبرو می لرزیدند -
خلاصہ عرب گروہے بودند کہ ہرگز اتفاق نیفتادہ بود پند اندرز گوئے را گوش بکنند و بکلی بے خبر

التقی وما خصال المتقین - وما کان فیھم من کان صادقا فی الکلام غیرجاف عند فصل الخصام - فبینما ھم فی تلک الاحوال وانواع الضلال والفساد فی الاقوال والاعمال والافعال اذ بُعث فیھم رسول من انفسھم فی بطن مکة - وکانوا لایعلمون الرسالة والنبوة وما بلغھم رس من اخبارھا ما حدود ھذہ الحقیقة - فابوا وعصوا وکانوا علی کفرھم وفسقھم مصرّین - وحمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل جفاءھم وصبر علی ایذاءھم - ودفع السیئات بالحسنة - والبغض بالمحبة - وواساھم کالمحبین -

خصلتیں کیا چیز ہیں اور اُن میں کوئی ایسا نہ تھا کہ جو کلام میں صادق اور فیصلہ مقدمات میں متصف ہو - پس اسی زمانہ میں جب کہ وہ لوگ ان حالات اور ان فسادوں میں مبتلا تھے اور اُن کا تمام قول اور فعل فساد سے بھرا ہوا تھا خدا تعالیٰ نے مکہ میں سے اُن کیلئے رسول پیدا کیا - اور وہ نہیں جانتے تھے کہ رسالت اور نبوت کیا چیز ہے اور اس حقیقت کی کچھ بھی خبر نہ تھی - پس انکار اور نافرمانی کی - اور اپنے کفر اور فسق پر اصرار کیا - اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کے ہر ایک جفا کی برداشت کی - اور ایذاء پر صبر کیا - اور بدی کو نیکی کے ساتھ اور بغض کو محبت کے ساتھ ٹال دیا اور غمخواروں اور محبّوں کی طرح اُن کے

ازیں کہ پرہیزگاری و خواہائے پرہیزگاران کدام چیزے می باشد - درمیانۂ اُنہا کسے راست گفتار و در وقت برپا شدن قضیہا نصفت کار و نیک کردار نبود - درا ثنائے ایں حال کہ در بدگفتاری و بدکرداری و گمراہی نوبت انہا بدینجا رسیدہ بود کہ پیغمبری از ایشاں در مکۂ مکرمہ ظہور فرمودہ وایشاں قبل ازاں از رسالت و نبوت آگاہ و گاہے ہیچ بوئے آں نبردہ بودند - پس نتیجہ آں بود کہ گردن کشیدند بر کفر و بدکاری اصرار ورزیدند - و رسول خدا (صلی اللہ علیہ وسلم) ہر گونہ آزار را از اُنہا برداشت و ہرگز ناشکیبائی را بخود راہ نداد و بدی را با نیکی و دشمنی را با دوستی پاداشش میفرمود وچوں یاران غمگسار با انہا رفتاری نمود -

المواسيين - وطالما سلك في سكك مكّة كوحيد طريد - وتصدّى بقوة النبوة لكل عذاب شديد - و كان يقبل على الله كل ليلة - و يسئل الله انفتاح عيونهم و نزول فضل ورحمة - حتّى استجيب الدعوات - وضاع مسكها وتوالى النفحات - و نزل امر مقلب القلوب - واوتوا قوة من معطى الحب و زارع المحبوب - فبدّلت الارض غير الارض بحكم حضرة الكبرياء - وجُذبت النفوس الى الداعي المبارك - وسمع نداءه قلوب السعداء - وانضى الى مقتله كل رشيد

پاس آیا اور ایک مدت تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکیلے اور ردّ شدہ انسان کی طرح مکّہ کی گلیوں میں پھرتے رہے اور قوۃ نبوت سے ہر ایک عذاب کا مقابلہ کیا - اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت تھی کہ رات کو اٹھ کر خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کرتے اور خدا تعالیٰ سے اُنکی بینائی اور فضل اور رحمت چاہتے - یہاں تک کہ دعائیں قبول کی گئیں - اور اُن کی کستوری کی خوشبو پھیلی - اور خوشبوئیں پے درپے پھیلنی شروع ہوئیں اور دلوں کے بدلنے والے کا حکم نازل ہوا اور اُس ذات سے اُن کو قوت عطا ہوئی جو محبت کو عطا کرتا اور دانوں کو اُگاتا ہے - سو حکیم الٰہی سے زمین بدلائی گئی - اور آواز دینے والے بابرکت کی طرف دل کھینچے گئے - اور ہر ایک رشید اپنے قتل گاہ کی طرف صدق اور وفا سے

وتا زمانی دراز در کوچہ ہائے مکّہ چون شخصے بے یار و یاوری راندہ شدہ گردش می کرد و با تاب و توان نبوت ہر رنجے سخت را بر خود آسان میگرفت - و شب را بخدا می آورد و دراز دستی بزاری و گریہ میخواست کہ دیدۂ انہا را بکشاید و در فضل و رحمت بروئے اُنہا باز نماید تا آنکہ نیاز و گداز ش پذیرفتہ شد و بوئے مشک آسایش دمیدن و بمغز جانہا پیاپی رسیدن گرفت - و از طرف گرداننده دلہا فرمان نازل شد و بخشندۂ مہر و محبت و فشانندۂ دانہ با توانائی بادشان بخشید - پس باذن الٰہی انقلاب شگرفی پیدا و آن زمین بزمینے دیگر عوض شد - دلہا بسوئے آواز دہندۂ فرخندہ پے کشیدہ شد - وہمہ نیک نہادان فرخ نژاد از صدق و وفا بسوئے

من الصدق والوفاء - وجاھدوا باموالھم وانفسھم لابتغاء مرضات اللّٰہ الرحمٰن - وقضوا نحبھم للّٰہ الرحمن - وذبحوا لہ ککبش القربان - وشھدوا باھراق دماءھم انھم قوم صادقون - وثبتوا باعمالھم انھم للّٰہ مخلصون - وکانوا فی زمن کفرھم اساریٰ فی سجن الظلام - فنوّروا بعد اجابۃ دعوۃ الاسلام - وبدّل اللّٰہ سیئاتھم بالحسنات - وشرورھم بالخیرات - فبدل غبوقھم بصلوٰۃ اٰنٓاء اللیل والتضرّعات - وصبوحھم بصلوٰۃ الصبح والتسبیحات و

نکل آیا - اور انہوں نے مالوں اور جانوں کے ساتھ خدا تعالیٰ کی رضاجوئی کے لئے کوششیں کیں اور اپنی جان فشانی کی نذروں کو پورا کیا - اور اس کیلئے یوں ذبح کئے گئے جیسا کہ قربانی کا بکرا ذبح کیا جاتا ہے - اور انہوں نے اپنے خونوں سے گواہی دیدی کہ وہ ایک سچی قوم ہے اور اپنے اعمال سے ثابت کر دیا کہ وہ لوگ خدا کی راہ میں مخلص ہیں - اور زمانہ کفر میں وہ لوگ تاریکی کے زندان میں قید تھے - سو اسلام کے قبول کرنے نے اُن کو منوّر کر دیا - اور اُن کی بدیوں کو نیکی کے ساتھ اور اُنکی شرارتوں کو بھلائی کے ساتھ بدل دیا - اور اُن کی شراب شبانگاہی کو رات کی نماز اور رات کے تضرعات کے ساتھ بدل ڈالا - اور اُن کی بامدادی شراب کو صبح کی نماز اور تسبیح اور

کشتن گاہ خویش بدویدند و برائے خوشنودیٔ یزداں ہرچہ از مال و جان در دست داشتند بکوشیدند - جان را در راہ خدا دادند - وچوں گوسپند قربان سر بر کارد جفا نہادند - و از ریختن خون خود و با کردارہائے پسندیدہ گواہی بر صدق و سداد ادا ساختند و مہری بر وفا و وداد کردند - حال آنکہ در ہنگام کفر در زندان تاریکی گرفتار بودند - ولے پس از گرویدن باسلام بیک ناگاہ ہمہ نور گردیدند - خدائے رحیم بدی شان را بہ نیکی و شر را بہ خیر بدل کرد - و مۓ شبانگاہی شان بہ نماز شب و صبوح ایشان را بہ نماز صبح و استغفار

الاستغفارات - وبذلوا اموالهم و انفسهم بسبل الرحمن بطيب الجنان - عند ما ثبت لهم صدق الرسول بكمال الايقان - فاذا رأوا الحق فاتموا جهدهم فی استبراء زند الايمان - و بلوا انفسهم لاستشفاف فرند الاستيقان - فهذا هو الامر الذی شجعهم وحدّ مداهم - ثم اشاد لهم ذکراهم - واحسن عقباهم - وهذا هو السمح الذی حبّب الى الخلائق خلائقهم - و اری کنشر المسك المفتوت حقائقهم - وهذا هو سبب اجتراء جنانهم -

استغفار کے ساتھ مبدل کر دیا - اور انہوں نے یقین کامل کے بعد اپنے مالوں اور جانوں کو خدا تعالیٰ کی راہوں میں بخوشی خاطر خرچ کیا اور جب انہوں نے حق کو دیکھ لیا - پس اپنی کوششوں کو ایمانی چقماق میں سے آگ نکالنے میں کمال تک پہنچایا - اور اپنی جانوں کو اس لئے کہ تا یقین کی تلوار کے جوہر کو خوب غور اور تامل کے ساتھ دیکھیں آزمائش میں ڈالا - پس یہی وہ امر ہے جس نے انکو بہادر کر دیا اور انکی کاردوں کو تیز کیا پھر انکے ذکر کو بلند کیا - اور ان کا انجام بخیر کیا - اور یہ وہی جوانمردی ہے جس نے لوگوں کے دلوں میں ان کی فطرت کو محبوب بنایا - اور اس کستوری کی خوشبو کی طرح جو پیسی جائے انکی باطنی حقیقتوں کو دکھلایا اور یہی سبب ان کے دلوں کی دلیری اور

عوض فرمود - وچوں حق را دیدند کوشش ہرچہ تمامتر بجا آوردند تا آتش از چقماق ایمان بیروں آرند - و روان خود را در کورۂ بلاہا انداختند - تا جوہر تیغ یقین را چنانچہ باید وشاید ملاحظہ نمایند - ہمیں امریست کہ اوشاں را دلیر و کارد شاں را تیز گردانید - و یاد و نام شاں را بر اوج چرخ بریں رسانید - و امر اوشاں را بحسن خاتمت کشانید - و از ہمیں مردی است کہ طبیعتہا شاں محبوب مردم شد و مانند بوئے مشک سودہ حقیقتہا شاں را بر عالم منتشر فرمود - جرأت دل و روانی زبان

و انفصلات لسانهم - و قوة ایمانهم - و علو عرفانهم - و لاجل ذالك احرقوا نفوسهم محبّتا و ودادًا - حتّٰی عاد جمرها رمادًا - واتقدوا بحبّ الله اتقادًا - واعدّ والنفوس بسبله اعدادًا وصارت المصائب علیهم کالبرد والسلام - ونسوا تکالیف الحرّ والضرام - ومن نظر فی انهم کیف ترکوا سرانعهم الاولیٰ - وکیف جابوا بید الاهواء ووصلوا المولیٰ - وکیف بُدّلوا و غُیّروا - وطُهروا ومُحّصوا - علم بالیقین انه ما کان الّا اثر القوة القدسیة المحمّدیة - وبه اصطفاهم الله

زبان کی روانگی اور ایمان کی قوت اور بلندی معرفت کا ہے - اور اسی لئے انہوں نے اپنی جانوں کو محبّت میں جلایا - یہاں تک کہ اُن کا کوئلہ راکھ کی طرح ہو گیا - اور خدائے تعالیٰ کی محبت میں افروختہ ہو گیا اور اُس کی راہوں کے لئے خوب تیاری کی اور مصیبتیں اُن کے لئے سلامتی اور ٹھنڈک ہو گئیں - اور گرمی اور آگ کی تیزی کو انہوں نے بھلا دیا - اور جو شخص اِس بات کو غور کی نظر سے دیکھے کہ انہوں نے اپنی پہلی چراگاہوں کو کیونکر چھوڑ دیا اور کیونکر وہ ہوا و ہوس کے جنگل کو کاٹ کر اپنے مولیٰ کو جا ملے تو ایسا شخص یقین سے جان لیگا کہ وہ تمام قوتِ قدسیہ محمّدیہ کا اثر تھا - وہ رسول جس کو خدا نے برگزیدہ کیا

و بلندیٔ معرفت و قوة ایمان را موجب ہمیں است کہ جان خود را از آتش محبت سوختند تا آنکہ زغالش خاکستر گردید - و بہ حبّ الٰہی برافروختند و در راہ خدا جان شاں را جولی ساز داوند - تا مصائب برایشاں خنک و سلامت گردید - و زبانۂ آتش و گرمی اش را فراموش ساختند - ہر کہ نگاہ کند کہ چگونہ اوشاں چراگاہ ہائے مالوفۂ خود را ترک گفتند - و چہ بیابانہائے ہوا و آز را پے سپار کردہ بآقائے خود رسیدند - و چہ قسم تبدل و تغیر و پاکیزگی و طہارت در ایشاں راہ یافت - او بہ یقین بداند کہ ایں ہمہ از اثر قوتِ قدسیہ محمّدیہ بودہ است - آں رسول کہ خدا اورا برگزید

واقبل علیھم بالتفضلات الازلیۃ۔ وان الصحابۃ اخذوا بھذا الاثر من تحت الثری ورفعوا الیٰ سماک السماء۔ ونقلوا درجۃ بعد درجۃ الیٰ مقام الاجتباء والاصطفاء۔ وقد وجدھم النبی کجماوات لایعلمون شیئًا من تھذیب وتقاۃ۔ ولا یفرقون بین صلاح وھنات۔ فعلمھم اوّلاً اٰداب الانسانیۃ بالاستیفاء۔ وفصّل لھم طرق التمدن والثواء۔ والطھارۃ والاستنان والسواک والخلالۃ بعد الضحاء والعشاء۔ والاستنثار عند البول والاستبرلو

